# شمس الرحمن فاروقی کی افسانوی شعریات

شمس الرحمن فاروقی# شعریات # صنف # زاویے # ادراک# افسانہ نگار #
صنف # سطح # تصورات# تخلیق کار

سیدہ ہما شہزادی
پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر، سرگودھا یونیورسٹی، پاکستان

**Abstract:** Language is the armoury of the human mind; and at once contains the trophies of its past and the weapons of its future conquests.

Shamsur Rahman Faruqi was a distinguished Urdu critic, poet, fiction writer, and theorist. His works span over different genres, from literary history and criticism to poetry and fiction. Considered an authority on Ilm-e bayan (the science of poetic discourse) and classical poetry, he was also a noted lexicographer. Faruqi's book Ka'i Chaand the Sar-e Asmaan, written in 2006, has been hailed as a masterpiece of Urdu fiction. An English version of this book, called Mirror of Beauty, was published in 2013. He also translated his stories into English which are included in a book titled The Sun Rose from the Earth. He has also been credited with spearheading the revival of the Dastangoi style of storytelling in India. He was awarded the Saraswati Samman for his work She`r-e Shor-Angez, a study of the major eighteenth-century poet Meer Taqi

Meer India.

This Article focuses on Shamas Ur Rahman Faruqi's quest of 'refiguring history' in The Mirror of Beauty. Faruqi fictionalizes history in an attempt to hear those voices thus far silenced in the conventional historiography. By rewriting the stories of pre-independence India in the novel, Faruqi intends to celebrate the unsung heroes of history. This paper is an attempt to analyze how Faruqi subverts the Eurocentric narratives which often depict a distorted image of Indo-Muslim culture and Nawabi civilization. Such grand narratives often portray a stereotypical image of Indians and Faruqi refutes this historical version in The Mirror of Beauty. He questions the notion of 'Real History' that is considered as a coherent and authoritative form of knowledge about the past and explores those spaces which have never been touched upon by the professional historians. So, the objective of this article is to showcase an alternate history of Indian culture by applying the postmodern technique of meta-narration that challenges the notion of 'absolute truth' about the historical narratives. Shamsur Rahman Farooqi's concept of fiction is composed of a combination of history, civilization and story and this is the spirit of

his creative process. Raised from history and culture. .

The creative journey of Shamsur Rahman Farooqui started with "Gulistan" and in the same magazine such excellent fictions as "Out of the swamp" and "Sarkh Andhi" were published. The answer is rare. The stories included in the collection are limited in number, but they are limitless in terms of their intellectual and cultural breadth. In the world of fiction, Shamsur Rahman Farooqui's identity is more than his fiction, his novels "Kai Chand Thaye Sar-e-Asman" and "Qab-i-Zaman". has happened

In Qazba Zaman, Shamsur Rahman Farooqui has made the Sufi tradition the subject rather than the political or social history of India and has clarified the nature of time by aligning Sufi terms with the modern techniques of fiction. In this novel, there is also an acquisition from the Sufi poetic tradition of India and also a request from the events and traditions which are described in the prose books of Sufism, especially in the book "Tazkira Ghousia" by Ghous Ali Shah. Shamsur Rahman Farooqi's fiction is a remarkable feature of the search for harmony between fictional literature and poetic tradition. In his fiction, where there are characters of Urdu poetry,

the subject of some fictions are poets. Asadullah Khan Ghalib is the subject of "Ghalib Afsanah". The title of his novel "Many Chand Haye Sar Asman" is derived from the poetry of modern poet Ahmed Mushtaq, and the titles of the fables are based on the poems of Mir and Mushafi. In modern Urdu fiction, the lamentation of India's decadence can be seen in different ways from Nir Masood to Syed Mohammad Ashraf, but Shamsur Rahman Farooqi has the distinction of presenting creative people related to Indian civilization as characters in his fiction. A different and unique style has been adopted. When Mir, Ghalib, Dagh and some other Ahl-i-Sakhn appear in the form of living characters in his novels and fictions, a picture of Indian civilization is seen, in which the colors of the cultural dialectic of the beauty of the past and the decline of the present are reflected. . If you look at Shamsur Rahman Farooqi's style of narration in his fiction, the quality of Masturi and Khob Rui Ijma can be seen to a surprising extent in his expression. Apart from fiction, he also writes poetry and his criticism is very extensive.

The objective of this research article is to challenge the dominant discourse of history. By subverting the myth of Universal

Historiography, this paper concludes that the historical narratives about non-Europeans must be refigured. Generally, Europeans believe that Indians cannot represent themselves because they lack historical sense, so Indians must be represented. Accordingly Europe is considered as a yardstick to evaluate the past and to define the superior and inferior. Such historians commonly lay emphasis on the backwardness of the East and portray India as an exotic place. On the contrary, Faruqi resists the mainstream historiography and refigures the Indian past via alternate approach to history rather than internalizing the European norms historiography. Faruqi’s negotiation with the past is a quest to catch things which have fallen apart in order to get the flavor of the lost culture, to bridge the discontinuity in the Indian historical tradition and to reinstate the historic bond between the past and the present. For this purpose, he questions the Eurocentric assumptions and refigures the historical narratives about the mythical past of 19th century pre-independence India. The objective behind rethinking Indian history is to disclose the fact that the third world people can also raise their voice by writing their own history. Thus Faruqi’s

novel The Mirror of Beauty demonstrates that Indians have their own religion, culture, civilization, traditional values, language, literature, laws, customs, moral codes, calendar, history and a distinct outlook on life and of life. This fiction reveals the fact that Indians are a civilized nation and very well aware of their refined past. Moreover Faruqi's journey into the past times throws light on the mini narratives about the Indo-Muslim culture as well as Nawabi civilization which have been ignored so far. Being a postmodern historiographer, Faruqi points out the need to revise Indian history. To rethink the past, Faruqi adopts Jenkins's concept of 'refiguring history'. Jenkins regards history as the invention of historian's mind that alters the historical truth. Therefore this theorist recommends rethinking of the historical narratives to find out the past as it really was. Furthermore Chakrabarty's ideas about reformulating the minor pasts of nonwesterns people attempt to transform marginality into the center and open new doors for historical truth. As a result, postmodern India is no more marginalized rather it's fighting back to the empire to display the idea that center can't sustain without its margins. That's why Faruqi re-narrates the past stories in The

Mirror of Beauty and attempts to make us familiarize with the past glory. Also The Mirror of Beauty connects the modern generation with their roots by presenting the original picture of Indo-Muslim culture and Nawabi civilization of the bygone era. Hence this research work shows resistance to the meta-narrative of Indian history by presenting an alternate history that bears witness to the forgotten narratives of the past.

-------

شمس الرحمن فاروقی کی افسانوی شعریات کی بازیافت کرنے سے پہلے ہمیں اس صنف کے چند دیگر زاویوں کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا۔جس میں یہ ادراک بھی شامل کرنا ہوگا کہ فاروقی سے پہلے افسانہ نگاروں نے اس صنف کو کس انداز میں برتا اور اس کے ساتھ عمومی سطح پر کس طرح کے تصورات جڑے ہوئے تھے۔اس میں کوئی دورائے نہیں کے ہر آنے والا تخلیق کار صنف کو اپنی تخلیقی دولت سے نہ صرف مالا مال کرتا ہے بلکہ خاص عہد میں ایک خاص ادبی پہچان بھی دلواتا ہے۔اس ضمن میں غزل کی مثال ہمارے سامنے مسلم ہے۔اردو میں افسانے کے ساتھ جڑے چند مقبول تصورات میں سے ایک اہم تصورات اختصار کا ہے جبکہ دیگر فنی اور فکری پہلو اسی تصور کے ساتھ باہم مربوط نظر آتے ہیں یعنی اگر افسانہ اختصار پر مبنی ہوگا تو کہانی کے دیگر لوازمات میں بھی تخلیق کار اختصار سے کام لے گا اور غیر ضروری معلومات کو درج کرنے سے ہر ممکن پرہیز کرتے ہوئے جو چیز افسانے میں دکھانے یا بتانے کی کوشش کرے گا اس کا کہانی میں کوئی نہ کوئی مقصد ضرور پوشیدہ ہوگا۔جبکہ ماضی میں افسانے کی روایت اسی طرز کے فن سے بھری پڑی ہے۔جس میں منٹو ، پریم چند ،بیدی،کرشن چندر ،عصمت چغتائی اور انتظار حسین وغیرہ کے افسانے اس کی بہترین مثال ہیں۔

زیر تجزیہ کتاب" سوار اور دوسرے افسانے" کا معاملہ اس افسانوی روایت سے ہٹ کر معلوم ہوتا ہے۔اس کتاب کا انتساب عابد سہیل، وارث علوی اور وہاب اشرفی

کے نام کیا گیا یعنی جن احباب نے فاروقی کو افسانے پر تنقید سے باز رکھنا چاہا ان ہی کے نام انہوں نے اس کتاب کا انتساب کیا۔ جو سوالات انھوں نے "افسانے کی حمایت میں" میں اٹھائے تھے ان کی عملی شکل انہوں نے اس افسانوی مجموعے کی صورت میں پیش کی۔ لیکن "سوار اور دوسرے افسانے" میں ان تخلیقی نثر پاروں کے لیے افسانہ لفظ لانا ضروری نہ تھا ،کیونکہ یہ افسانے سے بڑھ کر ناولٹ محسوس ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے ایک اور دلچسپ بات یہ ہے کہ "شب خون" "شمارہ نمبر 220 "میں "غالب افسانہ" چھپا تو اس کے لئے "شب خون" کے کالم "اس بزم میں" بطور تعارف لفظ تحریر استعمال ہوا ہے افسانہ نہیں، اسی طرح "لاہور کا ایک واقعہ "شب خون" شمارہ نمبر " 221 میں چھپا اس کے لئے بھی لفظ تحریر استعمال ہوا ہے۔ لیکن بعد میں کتابی شکل میں ان تخلیقی نثر کے فن پاروں کو افسانے کی قسم کے ساتھ موسوم کیا گیا۔ ان افسانوں میں بیشتر ناول کے خصائص موجود ہیں۔ تاریخی، تہذیبی ،سماجی اور ثقافتی بیانیے کی کثرت کے سبب وسیع زمان ومکاں میں پھیلے ہوئے ہیں جیسے "آفتاب زمیں" میں بہار، یوپی اور دہلی ہے تو ان "صحبتوں میں آخر " میں شیراز اور اصفہان موجود ہیں۔ یوں ان افسانوں میں موجود مباحث کئی نسلوں اور ان کے مسائل کو گھیرے ہوئے ہیں۔ ان افسانوں کو اگر اس تناظر میں دیکھا جائے کہ یہی وہ لمحہ تھا جب فاروقی ذہنی سطح پر "کئی چاند تھے سر آسماں" کے لئے تیار ہو رہے تھے تو بے جا نہ ہوگا۔ ان کی ہند اسلامی تہذیب اور اس کی باز یافت کی شعوری کوشش جس کا آغاز افسانوں کی صورت ہوا اس کی تکمیل وزیر خانم کے تخلیقی وجود پر ہوئی۔ فاروقی نے شعوری طور پر ان افسانوں میں اٹھارویں اور انیسویں صدی کے ہندوستان کی ادبی زندگی، تہذیبی وثقافتی صورتحال اور معروف شعراء کی زندگی سے مواد کشید کیا اور اسے اردو فکشن میں تہذیبی باز یافت کی ایک ایسی صورت عطا کی جس نے اُس عہد کو ایک نئے انداز اور رنگ میں زندہ کیا۔

فاروقی نے "سوار اور دوسرے افسانے" کے دیباچے میں تاریخی اور تہذیبی افسانے لکھنے کی وجوہات پر مفصل گفتگو کی ہے جس میں مصنف کی منشا کھل کر سامنے آتی ہے:

"اٹھارویں صدی کو میں ہند اسلامی تہذیبی تاریخ کا زریں باب سمجھتا ہوں۔ اردو فارسی ادب ،تصوف ،علوم عقلیہ ونقلیہ ،فنون حرب وضرب ،موسیقی، ان میدانوں میں

اٹھارویں صدی والوں نے جو نئے نئے مضمار و بیداد دریافت کیے اور فتح کیے ،ان کی مثال پہلے نہیں ملتی، بعد میں ملنے کا تو خیر کوئی سوال ہی نہیں اور اٹھارویں صدی کی دہلی کا کوئی کیا حال لکھے۔ہم لوگ چند شہر آشوبوں، چند ہجوؤں،تعصب اور کینہ پر مبنی چند افسانوں کو تاریخ قرار دے کر اٹھارویں صدی کی دہلی کو زوال، انتشار بدامنی،طوائف الملوکی،امیروں کی مفلسی اور غریبوں کی فاقہ کشی کا شہر سمجھتے ہیں"۔ (1)

دراصل فاروقی مثبت اور ایسے رخ سے اس تہذیب کو پیش کرنا چاہتے تھے جو تاریخ میں کئی دھندلا گئی تھی۔اور عوام اس سے براہ راست آشنا نہیں تھے۔ "ان صحبتوں میں آخر" " آفتاب زمیں"اور "سوار" کی تخلیق کا سبب شمس الرحمن فاروقی ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"میں دلی کا دلدادہ تھا کیوں کہ اردو کی ادبی تہذیب صحیح معنوں میں اپنا رنگ اور طور طریق محمد شاہ اور احمد شاہ اور پھر شاہ عالم ثانی کے زمانے میں حاصل کرتی ہے۔سیاسی قوت اس شہر کی بھلے ہی گھٹ گئی ہو،لیکن اس کی تہذیب زوال آمادہ اور انحطاط آلودہ نہ تھی، اور دس بار لوٹنے کے بعد بھی اس شہر کی گلیوں میں بھیروں نہیں، بلکہ زمانے کی حسین ترین رقاصائیں ناچتی پھرتی تھیں۔دلی کا چھوٹا سا پیکر آصف الدولہ کے وقت سے لے کر واجد علی شاہ کے عہد کا لکھنو تھا۔لیکن افسوس کہ لکھنؤ کی تصویر ہمارے ذہنوں میں پریم چند کے افسانے اور ستیہ جیت رائے کی فلم نے بنائی ہے،ٹھوس تاریخ نے نہیں۔دلی کا حق تھوڑا بہت ادا کرنے کے لیے میں نے پہلے میر کے بارے میں افسانہ نہیں لکھا۔بلکہ "سوار" لکھا میرے اپنے حساب سے اس افسانے کا مرکزی کردار خود شہر دہلی ہے کہ جس کے بغیر نہ وہ پر اسرار سوار ہوتا ،نہ بدھ سنگھ قلندر ،نہ عصمت جہاں، اور نہ افسانے کا راوی مولوی خیر الدین۔ان سب کی شخصیت دلی کی شخصیت کا ذرا ذرا سا ٹکڑا ہیں۔پھر "سوار " کے بعد مجھے " ان صحبتوں میں آخر' لکھنا ہی تھا اور وہاں بھی، جیسا کہ بہت سے پڑھنے والوں نے محسوس کیا صرف میر نہیں ہیں۔اس کے بعد " آفتاب زمیں" آتا ہے،جس میں دہلی کی جھلک بھی ہے اور دہلی کی اولاد معنوی، یا اس کے جانشین کے طور پر لکھنو دھیرے دھیرے خود کو قائم کر رہا ہے"۔( 2)

اس اقتباس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فاروقی کے لیے سب سے اہم شہر دہلی ہے جبکہ دیگر انسانی اور غیر انسانی کردار دہلی سے جڑنے کے بعد جلا پاتے ہیں ان کی شناخت

اور عمل اس شہر سے مربوط ہے ان کا کیا گیا کوئی بھی عمل اور اس سے ابھرنے والا تاثر اسی شہر کی مرہون منت ہے۔

فاروقی نے اپنے افسانوی مجموعوں کے دیباچے سے پہلے sunsan Sontag کے اس خیال کو یوں نقل کیا ہے:

fiction and factuality are, of course, not opposed. what makes a work fiction is not that the story is untrue. it may well be true, in part or in whole.but it's used for extension, of a variety of devices (including false or forged documents) theorists call "the effect of the real" (3)

اس خیال کو پیش کرنے کا مقصد شعوری ہے یعنی مصنف کو اس بات کا ادراک ہے کہ جن شخصیات کے حوالے سے میں قلم اٹھانے جارہا ہوں اور جن تخلیقی پیراؤں میں، میں ان معروف شخصیات کی زندگی کو تخلیقی سطح پر برتنے لگا ہوں وہ تاریخی دستاویزات سے قدرے ہٹ کر ہیں۔جس پر اہل علم حضرات کا ردعمل کسی بھی انداز میں متوقع ہو سکتا ہے ان صورتحال کے پیش نظر فاروقی نے فکشن میں پیش کردہ کہانی اور کرداروں کے حوالے سے کتاب کے شروع میں ایک مقدمہ بنا دیا تا کہ کتاب میں درج مواد قاری کے لیے قابلِ قبول ہونے کے ساتھ ساتھ اپنا مقصد پوری طرح سرانجام دے سکے۔ یوں فاروقی نے sunsan Sontag کے ان خیالات کو پیش کر کے یہ وضاحت کر دی کہ فکشن میں پیش کردہ خیالات کلی یا جزوی طور پر حقیقت پر مبنی ہو سکتے ہیں لیکن ان کے لئے حاصل شدہ مواد من گھڑت یا جھوٹ پر مبنی نہیں ہوسکتا اور فکشن کی حدوں تک اس میں پیش کردہ واقعات کی تحقیق بھی بنیاد ہے۔اس کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ واقعات جب فکشن کے دائرے میں آتے ہیں تو وہ حقیقت جیسی چیزوں سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ اب اس مقدمے کو اگر فاروقی کے افسانوی ادب میں موجود مواد کے سامنے رکھا جائے تو مختلف کہانیوں میں پیش کردہ تاریخی اور تہذیبی کرداروں کی زندگیاں اور اس میں موجود واقعات کلی طور پر حقیقت پر مبنی ہونا ضروری نہیں۔

اور انہیں حقیقت مان کر فکشن کے بیانیے کی تحقیق بے بنیاد ہے۔میر اور غالب کے حوالے سے لکھے گئے افسانے پر مختلف ناقدین نے اعتراضات کیے جس میں میر اور غالب کی تاریخی شخصیت کو افسانوی رنگ میں بدلتے ہوئے محسوس کیا گیا لیکن اس بات کا جواز موجود ہے کہ فکشن میں شخصیت کا دائرہ کار افسانوی اصولوں کے تحت

ہوتا ہے۔

فاروقی نے افسانوں کو لکھتے ہوئے ایک منفرد انداز کو اپنایا ہے اس کی مثال اس انداز میں اس سے پہلے نہیں ملتی۔ مصنف نے ہر افسانے کی شروعات میں اس افسانے کی پوری کہانی کو سمونے کے لئے کبھی شعر کبھی کسی نظم یا تحریر کا سہارا لیا ہے۔جس میں پوری کہانی آغاز سے اختتام تک سمٹی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ جیسے " غالب افسانہ " کی ابتدا سے پہلے غالب کا فارسی شعر درج ہے

گفتن سخن از پایۂ غالب نہ زہوش است
امروز کہ مستم خبرے خواہم از وداد (4)

اس شعر میں غالب نے اپنے شعری سطح کی جو دار لینی چاہی ہے وہ اس افسانے میں انہیں ملتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

اسی طرح "سوار " کی ابتدا میں فاروقی نے (A.E houseman) کی نظم کا ایک حصہ نقل کیا ہے۔

He would not stay for me; and who can wander?
He would not stay for me to stand and gaze.
I shook his hand and Tore my heart asunder
And went with half my life about my ways.
(5)

نظم کے متن کی مناسبت سے "سوار" کا مرکزی کردار خیر الدین افسانے کے اختتام پر مایوسی کی کیفیت میں ادھورے پن کے ساتھ زیست کا سفر تنہا طے کرتا ہوا نظر آتا ہے۔

اسی طرح "ان صحبتوں میں آخر" میں بھی وہی انداز اپنایا گیا ہے۔ یہ افسانہ میر کی کہانی پر مبنی ہے اور افسانے کا آغاز بھی میر کے شعر سے ہوتا ہے

ان صحبتوں میں آخر جانیں ہی جاتیاں ہیں
نے عشق کو ہے صرفہ نے حسن کو محابا (6)

اس شعر سے میر زندگی کے علاوہ اس افسانے میں موجود کئی کرداروں کی زندگی کی عکاسی کی گۓ ہے۔اسی طرح " آفتاب زمیں " کی ابتدا سے پہلے بھی مصنف نے مصحفی کا شعر درج کیا ہے۔

آفتاب زمیں ہوں میں لیکن

مجھ سے روشن ہے آسمان سخن ( 7)

مصنف نے مصحفی کی شعر کی مدد سے ہی ان کی شخصیت کا جامع تعارف پیش کیا ہے۔اور سخن گوئی کے حوالے سے ان کی شخصیت کے نئے پہلوؤں کو بیان کیا ہے۔ گویاان کا کلام دسترخوان تھااور ساری دنیاان کی مہمان۔

اس مجموعہ کا آخری افسانہ "لاہور کا ایک واقعہ" کی ابتدا سے پہلے فاروقی نے "Yuri Tynyanov " کی تحریر کو ہی شامل کیا

A writer can never invent anything more beautiful and powerful than the truth.

(8)

یعنی ایک تخلیق کار کچھ ایجاد نہیں کرتا بلکہ تخلیق کرتا ہے مصنف نے اپنے افسانوں کے آغاز میں جس طرح وضاحتی بیان کا اہتمام کیا ہے وہ نئی بات تو نہیں لیکن اس کو پیش کرنے کاانداز ضرور نیا ہے۔

اب ذرا ایک نظر افسانوں کی طرف کریں تو یہ بات صاف ظاہر ہے کہ ان تمام افسانوں کا شمار تاریخی فکشن میں ہوتا ہے۔افسانہ نگار نے کہانی کو تشکیل دیتے ہوئے اس میں قدیم ادبی تاریخ ،تہذیبی وثقافتی اقدار کو جامعیت کے ساتھ اس طرح پیش کیا کہ قاری خود کو اس منظر نامے میں جیتا اور سانس لیتا ہوا محسوس کرتا ہے۔ جیسے ابھی غالب اس کے سامنے مادھورسوا سے گفتگو کر رہے ہو یا میر کی عشقیہ کیفیات اس کے سامنے موجود ہوں۔ فاروقی نے جس مہارت کے ساتھ ان تاریخی کرداروں کو ایک نئے ڈھنگ میں افسانوی کرداروں کا حصہ بنایا ہے وہ اپنی جگہ قابلِ تحسین ہیں۔لیکن اس کے باوجود اہل علم نے ان کرداروں کی تشکیل کے حوالے سے چند تناظرات کو اٹھایا ہے۔جس میں سب سے بڑا اعتراض میر جیسی خوددار طبیعت کے مالک شخص کا نورالسعادت کے عشق میں اس قدر غرق ہو جانا ہے کہ وہ اس کی جوتیوں کو سینے سے لگائے رکھتا ہے۔میر کا یہ عمل میر کی حقیقی شخصیت سے میل کھاتا ہوا نظر نہیں آتا۔

فاروقی نے ناول کی طرح افسانوں میں بھی تہذیبی بازیافت جیسے مقصد کو پورا کرنے کے لیے ایسی شخصیات کا چناؤ کرتے ہیں جو عام طبقے سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ ان کا شمار ادبی،تہذیبی ،سماجی اور ثقافتی اور تاریخ حوالے سے خاص سطح میں ہوتا ہے۔

کیونکہ فاروقی ہندوستان اور خصوصاً دہلی کی تہذیب وثقافت کو جس انداز میں پیش کرنا

چاہتے تھے اس کے لئے میر ، غالب ، مصحفی جیسی شخصیات ہی ان کے لیے مفید تھی۔ ان شخصیات کے ذریعہ مصنف نے اٹھارویں اور انیسویں صدی میں اقدار اور رسم ورواج ،نسلوں اور قوموں کے اوصاف شعراء کی آزادانہ لسانی اصطلاحات، فارسی گوئی، علمی نکات اور دیگر چیزوں کو خوب جم کر بیان کیا ہے۔ یہ عمل محض ان چیزوں تک محدود نہیں بلکہ فاروقی نے لسانی تہذیب کا بھی خوب خیال رکھا ہے۔

اگر افسانہ میر ، غالب یا مصحفی کے عہد کا ہے تم مصنف نے اس عہد میں جا کر نثر تخلیق کی جس میں فارسیت کی آمیزش بھر پور انداز میں نظر آتی ہے۔یعنی اگر کوئی اُس دور میں بیٹھا تخلیق کار کوئی اس طرح کا فن پارہ تخلیق کرتا ہے تو اسی نوعیت کی زبان پر مشتمل ہوتا جس طرح فاروقی نے زبان کے حوالے سے خاص خیال رکھا ہے۔ یہ عمل صرف ایک افسانے تک محدود نہیں بلکہ فاروقی کی تمام تخلیقات اس سے مزین ہیں۔یعنی " کئی چاند تھے سرآسماں" کی لسانی تہذیب اُس دور کی تمام لسانی خوبیوں کو اپنے اندر لیے ہوئے ہیں ناول کو پڑھتے ہوئے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ہم اُس دور میں موجود ہیں۔جس برجستہ انداز میں فارسی اشعار اور الفاظ کا استعمال کیا گیا یہ فاروقی جیسے خلاق اور صاحبِ مطالعہ شخص کا ہی تخلیق کمال ہے۔لیکن یہاں ایک نکتہ جو اہم ہے وہ یہ کہ مصنف جس مقصد کے لئے افسانے اور ناول تخلیق کر رہا تھا اُس کے لیے وہی زبان ہند اسلامی تہذیب کی بازیافت کا ذریعہ تھی جس کے اندر وہ تمام اسرار پوشیدہ تھے جس کا بالواسطہ یا بلا واسطہ تعلق اس تہذیبی منظر نامے سے تھا۔ اگر فارسی الفاظ کے استعمال سے گریز کیا جاتا تو قاری اس دور کی فارسیت اور تہذیبی ماحول سے کیسے آشنائی حاصل کرسکتا اس لیے بھی مصنف نے زبان و بیان کے اظہار میں شعوری طور پر خاص اہتمام کیا ہے تا کہ وہ تہذیبی منظر نامہ اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ قاری کے سامنے آسکے۔

یہاں اس حوالے سے ایک مثال کے ذریعے سے مصنف کی زبان و بیان کی مہارت کو جانچا جاسکتا ہے۔

نورالسعادت میر سے پوچھتی ہے کہ

" جانتے ہو کہ میں نے تمھیں کیوں بلوایا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے کہ

" مجھے سرفراز کرنے کے لئے اور کاہے کو"

اس طرح کے کئی جملوں کو فاروقی نے اس طرح مکالمہ کا حصہ بنایا ہے کہ موجودہ دور کا قاری پڑھت کے دوران اس دور کی زبان ، الفاظ کا استعمال اور محاورات سے

لطف کشید کرتا چلا جاتا ہے۔لیکن جیسی ہی فاروقی نے افسانہ "لاہور کا ایک واقعہ" لکھا تو اس میں زبان اپنا رنگ بدلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔کیونکہ جس دور کی یہ کہانی بیان کی گئی ہے اس دور میں فارسیت کا زور ٹوٹ چکا تھا جس کا اظہار ہمیں افسانے میں ملتا ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ فاروقی کہ کردار اپنی زبان سے بخوبی طور پر پہچان جا سکتے ہیں کہ ان کا تعلق کس جگہ سے ہے۔تو غلط نہ ہوگا۔مصنف نے افسانوں میں جس قدر متحرک و فعال کرداروں کو پیش کیا ہے ان کی زبان میں بھی اسی طرح کی ہلچل نظر آتی ہے اور یہی ان کی تخلیقی پاروں کی خوبی فن ہے۔

ان کے افسانوں میں علامتی اظہار نمایاں نظر آتا ہے وہ کہانی کو پیش کرنے کے لیے کئی تہذیبی و ثقافتی علامتوں کا سہارا لیتے ہوئے نظر آتے ہیں ان کے افسانوی کرداروں کا پہناوا نشستوں برخاست اور دیگر اعمال اپنے ثقافتی منظر نامے میں رچے بسے معلوم ہوتے ہیں جس کا اہتمام تخلیق کار شعوری سطح پر کرتا ہے۔یہی وجہ ہے کے وہ کئی جگہ پر مقصدیت پر افسانوی فن کو قربان کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

حوالہ جات

.1 مجموعہ شمس الرحمن فاروقی،ترتیب وتہذیب ،محمد حمید شاہد ،) جہلم:جہلم کارنر ، ۲۰۲۱ء(،ص831

.2ایضاً،ص 87

.3ایضاً،ص 29

.4ایضاً،ص 90

.5ایضاً،ص 127

.6ایضاً،ص 180

.7ایضاً،ص 310

.8ایضاً،ص 422

☆☆☆